# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 06 جنوری 2014ء بمطابق 04 ربیع الاوّل 1435 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ لِلّٰهِ شُهَدَاءَ بِالْقِسْطِ ۖ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَىٰ أَلَّا تَعْدِلُوا ۚ اعْدِلُوا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ۔

(ترجمہ): اے ایمان والوں! خدا کیلئے انصاف کی گواہی دینے کیلئے کھڑے ہو جایا کرو۔ اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیزگاری کی بات ہے اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔ وآخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔

## حلف وفاداری رکنیت

جناب سپیکر: میں آج اس معزز ایوان میں جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور کو خوش آمدید کہتا ہوں اور ان سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اپنی سیٹ کے سامنے کھڑے ہو کر حلف اٹھائیں۔ جناب اکرام اللہ گنڈاپور صاحب۔

(تالیاں)

(اس مرحلہ پر نو منتخب رکن اسمبلی نے حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ پر ملاحظہ ہو)

(عصر کی اذان)

جناب سپیکر: مبارک ہو۔

جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور: مہربانی۔

جناب سپیکر: اب میں جناب اکرام اللہ صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ سیکرٹری صاحب کی میز پر رکھے ہوئے رجسٹر میں دستخط فرمائیں۔

(اس مرحلہ پر نو منتخب رکن اسمبلی نے حاضری رجسٹر میں اپنے دستخط ثبت کئے)

جناب سپیکر: ہاؤس مکمل ہو جائے۔

(تالیاں)

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: معزز اراکین کی طرف سے چھٹی کی درخواستیں آئی ہوئی ہیں، میں ہاؤس کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں: جناب وجیہہ الزمان صاحب، ایم پی اے 06-01-2014؛ جناب ملک ریاض خان، ایم پی اے 06-01-2014؛ جناب سید محمد علی شاہ باچا 06-01-2014 تا 10-01-2014؛ جناب میاں ضیاء الرحمان صاحب 06-01-2014؛ محترمہ ثوبیہ خان صاحبہ 06-01-2014؛ منظوری کیلئے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب!

## مسند نشین حضرات کی نامزدگی

Mr. Speaker: ‘Panel of Chairmen’: In pursuance of sub rule (1) of rule 14 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby nominate the following Members, in order of priority, to form a ‘Panel of Chairmen’ for the current Session-----

(اس مرحلہ پر قومی وطن پارٹی کے اراکین ایوان میں تشریف لے آئے)

(تالیاں)

Mr. Speaker:
1. Syed Muhammad Ishtiaq;
2. Sardar Muhammad Idrees;
3. Mr. Muzaffar Said; and
4. Sardar Zahoor Ahmad.

ایک دفعہ پھر:

1. Syed Muhammad Ishtiaq;
2. Sardar Muhammad Idrees;
3. Mr. Muzaffar Said; and
4. Sardar Zahoor Ahmad.

محترمہ نگہت اورکزئی: ایک چھوٹی سی بات کرتی ہوں جناب سپیکر صاحب! اگر آپ مجھے ایک منٹ دیدیں۔

## عرضداشتوں کے بارے میں کمیٹی کی تشکیل

Mr. Speaker: Item No. 5, ‘Committee on Petitions’: In pursuance of rule 116 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby constitute a ‘Committee on Petitions’ comprising the following Members under the Chairmanship of Mr. Imtiaz Shahid Qureshi, honourable Deputy Speaker:

1. Sardar Muhammad Idrees;
2. Mr. Arshad Ali;
3. Mr. Behram Khan;
4. Mr. Abdul Muneem;
5. Mr. Muhammad Sheeraz; and
6. Madam Anisazeb Tahirkheli.

منظوری کیلئے پیش کرتا ہوں آپ کے سامنے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! میں ایک بات ایوان میں پیش کرنا چاہتی ہوں اور وہ یہ کہ باہر لوگ آئے ہیں اور سڑک بلاک کیا ہوا ہے انہوں نے۔۔۔۔۔

## تحریک التواء

Mr. Speaker: Item No. 8, 'Adjournment Motions': Syed Muhammad Ali Shah, MPA and Mufti Said Janan, MPA, to please move their identical adjournment motion No. 46 and 47 respectively, one by one, in the House. Said Mufti Janan.

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، ایوان کی معمول کی کارروائی روک کر مجھے ایک اہم نوعیت کے مسئلے پر بات کرنے کی اجازت دی جائے، وہ یہ کہ صوبائی حکومت کی حدود میں واقع ٹل کے دینی مدرسے پر ڈرون حملہ اور آئے روز ڈاکٹروں اور تاجروں کی اغواء گیری اور صوبے میں امن و امان کی ابتر صورتحال پر مختصر بات کرنے کے بعد تحریک کو ایوان میں مزید بحث کیلئے منظور کیا جائے۔

جناب سپیکر صاحب، دا ډرون حملې او د ملک کښې چې کوم صورتحال روان دے۔ جناب سپیکر صاحب، کیدے شی، مونږ د دغې ایوان د بچ کیدو د پاره او د خپل اقتدار د بچ کیدو د پاره مونږ غلی پاتې شو په دې حالاتو باندې خو جناب سپیکر صاحب! چې چا هم د ملک د سالمیت او د ملک د خاورې عزت نه دے ساتلے، د هغه قومونو نسلونه بیا بې عزته شوی دی او د هغه قومونو د نسلونو نه بیا ګداګر او سوال ګر جوړ شوی دی۔ جناب سپیکر صاحب، دغې مدرسې ته زه پخپله باندې لاړ یم، دا تقریباً د څلورو کمرو مدرسه ده او ورسره یو وړوکے جمات دے، دې ته بجلی ګهر کیمپ وائی، دا ټل سره بالکل، دې ټل تهانړې سره او دې ټل فوجی چهاؤنئ سره بالکل تقریباً لکه دا ګورنر هاؤس او دا ځائې دے، دومره حد کښې دے خو جناب سپیکر صاحب، زه پینځمې شپږمې ورځې دغه مدرسې ته زه لاړ یم، هلته چې کوم کیفیت وو، هغه بچو کښې چې کومه یره وه، هغه مهتمم صاحب ما ته وئیل چې مفتی صاحب! ته دغه بچو ته خبره وکړه۔ هغې کښې اکثر بچی د لسو کالو او د یوولسو کالو او د دولسو کالو، یو پینځه شپږ طالبان به داسې وو چې د هغوی ګیرې وې خو جناب سپیکر صاحب، بیا د هغې ایف آئی آر باندې څه وشو؟ بیا د هغې نه دا ټوله اسمبلئ او دا ټول صوبائی حکومت معلوم دے ورنه خو جناب، کیدے شی د

پښتون د وینې قدر نه وی او زه هغه تنظیمونو ته هم حیران یم چې سوات کښې یوه وړه غونډې واقعه وشوله او هغه ئے دنیا کښې په یو ډیر لوئے انداز باندې وچته کړله خو جناب سپیکر صاحب، د پرون نه بله شپه زما کلی کښې وه، ما څلور پینځه شپې کلی کښې وکړلې، جناب سپیکر صاحب، چوبیس گهنټې د ټل حدودو کښې او د ضلع هنګو حدودو کښې اوس هم روزانه دوه ډرون او درې ډرون او یو ډرون پرواز کوی چوبیس گهنټې، خلقو کښې یو ډیر لوئے خوف و هراس دے۔ جناب سپیکر صاحب، دغه حکومت نه د خلقو دا توقع وه چې دا ډرون به بندیږی خو څه جناب سپیکر صاحب! مخکښې خو به ایجنسو کښې کیدلې جناب سپیکر صاحب، اوس مه باید که نن مونږ د دغې خبرې غور ونکړو، زه وایم چې کیدے شی سبا ته پیښور او سبا ته اسلام آباد او د پیښور په شان بل شهر کښې وشی او دا بهانه جوړه کړی چې دلته کښې دهشت گرد وسیدلو او جناب سپیکر صاحب، بیا مونږ کښې دومره طاقت نشته دے چې امریکه چا ته دهشت گرد اووائی، بیا هغه ته مونږ اونه وایو چې دا دهشت گرد نه دے جناب سپیکر صاحب۔ دا افغانیان جناب سپیکر صاحب، زمونږ ملک کښې وسیږی، زمونږ ملک کښې ئے پناه اخستې ده، زمونږ ملک کښې ئے کالونه تیر کړل خو جناب سپیکر صاحب، دا هغه خلق چې کیمپ کښې وسیږی هغه قانونی وی، بیا د هغې مدرسې کښې مطلب دا دے وسیدونکی خلق به هم جناب سپیکر صاحب! قانونی وی او زما به تاسو نه دا استدعا وی جناب سپیکر صاحب! چې تاسو ته خلقو، دغې ایوان ته خلقو ډیر په مینه ووټ ورکړے دے او د دې د پاره ئے ورکړے دے چې دغې صوبې کښې به امن وی، د پښتون وینه تویه شوې ده نوره به نه توئیږی خو جناب سپیکر صاحب، حالات ورځ په ورځې خرابیږی۔ نن که تاسو اخبار کتلے وی، تاسو به حالات لیدلی وی، نن هم د پیښور د تاجرانو دا بیان دے چې صوبائی حکومت مونږ ته تحفظ راکولو کښې، صوبائی حکومت مونږ ته امن راکولو کښې یا مخلص نه دے او یا ناکام دے۔ جناب سپیکر صاحب، خلقو ته روزانه تاجرانو ته پرچې ورځی، روزانه هغوی ته ټیلیفونونه ورځی چې دومره دومره پیسې راؤړه ګنې بیا به نه وی او جناب سپیکر صاحب، د دې واضح مثال به تاسو دا مخکښې ورځې لیدلے وی چې یو مشر ډاکټر هغه

وتبنتولي شو او بيا صوبائی حکومت دا فيصله وکړه چې مونږ به هر ډاکټر ته کلاشنکوف لائسنس ورکوؤ، جناب سپیکر صاحب! مونږ به چا چا ته لائسنسې ورکوؤ، کوم کوم سړی ته به لائسنسې ورکوو؟ دا د حکومت ذمه داری ده چې خپل شهريان، خپل وسيدونکو خلقو ته تحفظ ورکړی۔ زه په دغه باندې خپلې خبرې بس کوم جناب سپیکر صاحب، الله رب العالمين د زمونږ او ستاسو د ټولو حامی و ناصر وګرځيږی۔ وآخِرُالدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جناب شاہ فرمان۔

جناب شاہ فرمان (وزیر اطلاعات): بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، مفتی جانان صاحب نے جس ایشو کی طرف اشارہ کیا اور جو ڈرون حملے کی بات کی، ہماری یہی سوچ ہے اور اس کے اوپر ہم نے چار نومبر کو ایک ریزولیوشن بھی پاس کرائی تھی اور اس وقت اسمبلی کے اندر موجود تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ مشاورت بھی کی تھی اور آخر میں ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ 20 دسمبر تک فیڈرل گورنمنٹ اگر مطمئن کر سکتی ہے ہمیں تو ٹھیک ہے، نہیں تو پھر پولیٹکل پارٹیز یہ فیصلہ کریں گی کیونکہ آئین کے اندر ہمارے پاس کچھ اختیارات نہیں ہیں، Constitutional violation میں وہ بات آجائیگی جس میں ڈرون گرانا بھی ہے، یہ بہت کلیئر ہے۔ مجھے اس بات پر بھی افسوس ہے کہ پولیٹیکل پارٹیز نے فیصلہ کیا اور پچھلے 49 Days سے نیٹو سپلائی روکی ہوئی ہے اور میرے خیال میں کہ ٹل حملے کے بعد سے کوئی پاک افغان بارڈر کے اوپر ایک حملہ ہوا ہے، اس درمیان مجھے یاد نہیں پڑتا کہ کوئی ڈرون ہوا ہو لیکن ہمیں جتنا Criticize کیا جارہا ہے اس ایشو کے اوپر، ہمارے اوپر جتنی تنقید ہو رہی ہے، میں اتفاق کرتا ہوں مفتی جانان صاحب کے ساتھ اور اس اسمبلی کے اندر سارے ممبران سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ Unanimously وہ جو بھی فیصلہ کریں، یہ حکومت ان کے ساتھ تیار ہے، (تالیاں) ہم کھڑے ہیں، پولیٹیکل پارٹیز کا فیصلہ ہے، فیڈرل گورنمنٹ کے اوپر ہم نے پریشر ڈال رکھا ہے، خیبر پختونخوا کے عوام کی ترجمانی پولیٹیکل پارٹیز کرنے لگیں کیونکہ اس ہاؤس کے پاس وہ اختیار نہیں ہے جو پولیٹیکل پارٹیز، عوام نے اپنے ہاتھ میں لے کے Fundamental Rights، اب اس سے آگے ہم کیا کریں؟ میں Suggestion مانگتا ہوں مفتی جانان صاحب سے، میں پارلیمانی لیڈرز سے Suggestion مانگتا ہوں کہ وہ ہمیں Suggest کریں اس

فورم کے اوپر، اتفاق تو سب کو ہے اسکے اوپر کہ جو کچھ ہو رہا ہے، مزید ہم کیا کر سکتے ہیں، ہم ان سے Suggestion مانگتے ہیں، مفتی جانان صاحب سے ہم Suggestion مانگتے ہیں، جے یو آئی سے ہم Suggestion مانگتے ہیں، اے این پی، پی پی پی، مسلم لیگ نون سے اور سکندر شیر پاؤ صاحب، سب سے ہم Suggestion مانگتے ہیں اور وہ ہمیں جو بھی Suggest کریں اور اس صوبے کے دائرہ اختیار میں ہو، صوبائی حکومت کے دائرہ اختیار میں ہو، ان شاءاللہ ہم اس کے اوپر عمل کریں گے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: یہ میں ہاؤس سے پوچھونگا کہ اس کو باقاعدہ ڈسکشن کیلئے Admit کرتے ہیں تو اس کیلئے 14 ممبران کی حمایت ضروری ہے، کم از کم۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: کیا آپ Insist کرتے ہیں اس کو؟

مفتی سید جانان: چې د بحث د پاره منظور شي نو ملګرې به پرې بحث وکړي نو انشاء الله بنه بنه تجاویز به مخې ته راشي، دې باندې زه د ټولو ملګرو حمایت کوم، زه پخپله پیش کوم او ملګرو ته ګزارش کوم چې دوئ ئے تائید وکړي.

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: مونږه ئے تائید کوؤ، تائید کوؤ۔

جناب سپیکر: ګورنمنټ ئے نه Oppose کوي، Okay admitted۔

(تحریک منظور کی گئی)

## توجہ دلاؤ نوٹس

جناب سپیکر: کال اټینشن نوټسز: دا یو کال اټینشن، ستاسو نه پس به د دوئ دا کوؤ جي۔
Syed Jafar Shah Sahib, MPA, to please move his call attention notice.

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ میں اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ ضلع سوات میں مجموعی طور پر اور جو بالائی علاقے ہیں خصوصی طور پر، میرا حلقہ PK-85 خصوصی طور پر، وہاں پر صحت کے جتنے بھی مراکز ہیں، جن میں ہاسپٹلز، بی ایچ یوز اور ڈسپنسریز وغیرہ میں سٹاف کی شدید قلت ہے جس کی وجہ سے مقامی لوگ صحت کی سہولیات سے محروم ہیں، لہذا حکومت اس

معاملے کا فوری نوٹس لے اور جلد از جلد عملہ کی تعیناتی کو یقینی بنادے تاکہ ادارے کی فعالیت کے ساتھ عوامی خدمات کا عمل شروع کیا جاسکے۔

جناب والا، دا ډیره اهمه مسئله ده او Specially زه به د کالام مثال درکړم چې یو ډسپینسر چې هغه تقریباً د تیرو څو میاشتو نه صرف یو ډسپینسر دے په پوره سول هسپتال کښې او په لکهونو خلقو ته ډیره لویه مسئله ده د علاج معالجې سهولیات فراهمئ په حوالې سره، زما به منسټر صاحب ته دا خواست وی چې فوری طور په دې باندې ایکشن واخلی او مدین، بحرین کالام چې دا کوم هسپتالونه دی، ډسپینسریز دی چې دوئ ته په Priority basis باندې هلته د عملې تعیناتی وشی۔

<u>جناب سپیکر</u>: شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت)</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ انہوں نے جو توجہ دلائی ہے جعفر شاہ صاحب نے، یہ تقریباً پورے صوبے کا ایشو تھا جناب سپیکر اور اس کیلئے ہم نے ابھی جو Recently چھ سو ڈاکٹرز بھرتی کر لیے ہیں، اس میں زیادہ تر کی تعیناتی ہو چکی ہے اور سوات کے ڈی ایچ او صاحب کو ہم کافی ڈاکٹرز بھیج چکے ہیں، میں ان سے بھی آج رابطہ کر لونگا کہ آپ کیلئے بھی کوئی ڈاکٹر کا بندوبست کر لیں کیونکہ یہ تو ایک پراسیس تھا کہ سارے ہاسپٹلز جو ہمارا پرائمری ہیلتھ کیئر سسٹم تھا، وہ تقریباً جناب سپیکر، Collapse کر چکا تھا کیونکہ صوبے کے مختلف دور دراز علاقوں میں یا تو ڈاکٹرز جانا نہیں چاہتے تھے یا ہمارے پاس Strength کم تھی ڈاکٹروں کی، وہ ان شاءاللہ تعالیٰ ایک پراسیس شروع کیا ہے، چھ سو ہم نے بھرتی کر لیے ہیں، مزید ہم لے رہے ہیں، ان شاءاللہ نو سو ڈاکٹرز مزید ہم لے رہیں، ان شاءاللہ، میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ دور دراز علاقے نہ صرف یہ کہ ہم ان کو ڈاکٹرز دے رہے ہیں بلکہ ان کو ہم ان شاء اللہ تعالیٰ بی ایچ یوز سے لیکر تمام جتنے بھی ہاسپٹلز ہیں، آر ایچ سیز ہیں، کیٹیگری سی ہیں، ڈی ہیں، سول ہاسپٹلز ہیں، ان سب کو ہم میڈیسن بھی دے رہے ہیں اور کوشش کرینگے کہ ان علاقوں میں زیادہ تر میڈیسن زیادہ تر لوگوں کو فری مل سکیں، تو یہ ان شاءاللہ تعالیٰ کوشش کی جارہی ہے، ان کو میں یقین دلاتا ہوں کہ اگر ڈاکٹروں کی قلت اس طرح رہی تو جو نئے ہم لے رہے ہیں، نو سو، ان میں سے میں آپ کو ان شاءاللہ تعالیٰ بھجوادونگا۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، منسٹر صاحب! ایک تو یہ ہے کہ جو میڈیسن کے حوالے سے بات ہے تو ایک تو اس کے سٹینڈرڈ کی مانیٹرنگ ہونی چاہیئے بہت Strict کیونکہ ہمارے نوٹس میں آیا ہے، اس کا سٹینڈرڈ کافی جگہوں پر، میں آپ کو مثال بھی دونگا Written ان شاء اللہ اور پھر یہ کہ یہ بہت جلدی میں کرنا چاہیئے کیونکہ ابھی آٹھ مہینے ہو گئے ہیں، چھ مہینے ہو گئے ہیں اور Specially جو میں کالام کی مثال آپ کو دیدوں کہ ایک ڈسپنسر، پورے ہاسپٹل میں There are 90 sanctioned positions اور وہاں پر صرف ایک ہی ڈسپنسر اگر آٹھ مہینوں سے بیٹھا ہوا ہے اور کوئی نہیں ہے تو یہ میری گزارش ہو گی کہ اس کو فوری طور پر شوکت صاحب! آپ اگر اس کو Priority basis پر لے لیں تو یہ مہربانی ہو گی۔ تھینک یو۔

وزیر صحت: دیکھیں میں یہ نہیں کہونگا کہ پانچ پانچ سال کیا ہوا، کیا نہیں ہوا لیکن میں ان شاء اللہ تعالیٰ پانچ چھ مہینے ہو گئے ہیں، میں نے آپ کو کہا کہ چھ سو ڈاکٹرز میں نے لے لیے ہیں، ابھی نو سو اور لے رہے ہیں تو یہ ان شاء اللہ ان ہی کیلئے لے رہے ہیں جو Peripheries ہیں، جو ہمارا ہیلتھ کیئر سسٹم ہے اس کو ہم مضبوط بنا رہے ہیں، وہ اگر مضبوط ہو گا، ہمارے ڈی ایچ کیو ہاسپٹلز میں، ہمارے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہاسپٹلز میں اگر Properly علاج ہو گا، آج ہم نے تین چار گھنٹے تک میٹنگ کی ہے اس کیلئے کہ کس ہاسپٹل میں کیا سہولت ہونی چاہیئے، وہ ان شاء اللہ Once for all decide ہو گا، جتنے اس میں ڈاکٹرز کی ضرورت ہو گی، اتنے ڈاکٹرز ہونگے، جتنی مشینری کی ضرورت ہو گی اتنی وہاں مشینری اور اتنی Facilities وہاں ہونگیں، لوگوں کی زندگیوں کے ساتھ ہم نہیں کھیلیں گے، ان شاء اللہ تعالیٰ یہ ہمارا وعدہ ہے اور یہ ہماری Commitment ہے کہ لوگوں کو ہم ان شاء اللہ تعالیٰ Facilitate کریں گے، یہ نہیں ہے کہ کوہستان سے ایک آدمی آئے گا، صرف علاج کیلئے ایبٹ آباد آئے گا یا ایکسرے کیلئے ایبٹ آباد بٹگرام آئے گا، نہیں ان شاء اللہ تعالیٰ ڈی ایچ کیو لیول پر ایکسرے کی سہولت، الٹرا ساؤنڈ کی سہولت ان شاء اللہ پورے صوبے میں ہم دے رہے ہیں ان شاء اللہ۔

Mr. Speaker: Okay ji. Mr. Gohar Ali Shah Sahib, MPA, to please move his call attention notice.

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: مسٹر سکندر خان شیر پاؤ۔

## ذاتی بیان

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر، زه د Rule 66 لاندې یو Personal statement ورکول غواړم۔ جناب سپیکر، کله چې په 2013 مئی کښې الیکشن وشو نو ټول ملک کښې چې څنګه نتیجه راغله، هغه یو طرف ته خو زمونږ صوبې کښې یوې پارټئ ته هم واضح اکثریت ملاؤ نشو او په هغه وخت سره د مختلف پارټو دا کوشش وو چې هغوی د ګورنمنټ 'فارم' کړی۔ په هغه سلسله کښې جے یو آئی (ایف) هم زمونږ سره رابطه کړې وه او پی ټی آئی هم رابطه کړې وه۔ مونږ هغه وخت سره په دې حوالې سره د پی ټی آئی په حق کښې مو فیصله وکړه چې مونږ دا وئیل چې یره واضح اکثریت خو نشته خو که وګورئ نو یو لحاظ سره پی ټی آئی ته د دې صوبې خلقو ووټ ورکړے دے او مونږ په جمهوری نظام کښې رکاوټ نه جوړیږو۔ بیا مونږ د دوئ سره په څه نکاتو باندی خبره وکړه چې په هغې کښې په دې صوبې کښې امن و امان قائمول، د دهشت ګردئ په نتیجه کښې چې کوم خلق متاثره شوی دی، د هغوی د بحالئ خبره، کوم انفراسټرکچر چې په هغې کښې تباه شوے دے، د هغې د بحالئ خبره، د مرکز سره د تعلق ښه ساتلو پالیسی اپناؤول او دغه شان نور کوم دغه وو، دا څه تیره نکات وو۔ حکومت چې قائم شو نو مونږ ته دا احساس وشو چې هغه کومې وعدې پی ټی آئی کړې وې یا کومو وعدو باندې چې د دې قوم نه ئے ووټ اخستے وو، په هغې کښې هغوی هغه شان Sincere نه ښکاره کیدل۔ که مونږ وګورو نو تقریباً شپږ میاشتې تیرې شوې او تر اوسه پورې ډیویلپمنټ فنډ سټارټ نشو، که مونږ وګورو د امن و امان صورتحال ورځ ته ورځه خرابیږی لګیا دے، اغوا برائے تاوان او بهته خوری د روزانه معمول جوړ شوے دے، دې ځائې ته خبره رسیدلې ده چې تاجران زمونږ دا صوبه پریږدی او نورو صوبو ته ځی لګیا دی او رهائش اختیار کوی لګیا دی۔ که وګورو ټارګټ کلنګ روزانه کیږی او د هغې د روک تهام د پاره څه

واضح پالیسي اوسه پورې مخامخ رانغله۔ که وګورو اکنامک ډیویلپمنټ هغه شان ونشو بلکه زمونږ صوبه په دې یو څو میاشتو کښې معاشي طور باندې نوره هم وروستو لاړه۔ ګرانئ، بیروزګارئ کښې ورځ تر ورځه اضافه کیږی، د سټیټ بینک کوم Inflation monitoring report دے چې د نومبر میاشت، که هغه رپورټ تاسو راواخلئ چې په هغې کښې څلور واړو صوبائی دارالحکومتونه چې دی، هغې کښې ټولو کښې زیاته ګرانی چې ده هغه په پیښور کښې ده 14.1%، په لاهور کښې 9% ده، په کراچئ کښې 8% ده، په بلوچستان کښې په کوئټه کښې څه 9.5% ده او زمونږه 14.1%۔ مونږ ته څه داسې ښکاره نشو چې د هغې د پاره د پی ټی آئی څه پلان شته یا څه پالیسی شته؟ بیا دغه شان کوم چې د Deadlines politics دوئ شروع کړے دے، کله یو تاریخ ورکول، کله بل تاریخ ورکول او بیا هغه تاریخ چې راشی نو بیا مختلفې حیلې بهانې جوړول، د هغې سیاست نه مونږ بار بار دوئ ته تنبیهه ورکړه چې دا سیاست نه دے پکار خو د هغوی نه مونږ ته څه دغه ملاؤ نشو۔ Consultation په یو ایشو باندې هم نه وو بلکه فیصلې به وشوې او د هغې نه پس ته به دا Expect کیدل چې نور کولیشن پارټنرز د هغه او منی او د هغې ډیفنس د کوی، One man show والا طریقه روانه وه او هغه هم بیا داسې چې د پنجاب مسئلې رااوچتیدې او دلته کښې راتلې او د هغې حل دلته کښې د رااوباسلو کوشش کیدلو۔ که مونږ دا وګورو، تاسو له به زه اوس لنډ مثال، یو داسې Controversial issue چې په هغې باندې د دې اسمبلئ متفقه قرارداد ونه موجود دی، د بلوچستان متفقه قرارداد موجود دے، د سندھ متفقه قرارداد موجود دے خو په پنجاب کښې د بلدیاتی الیکشن ګټلو د پاره د کالاباغ هغه Slogan رااوچت کړے شو، د دې د پاره نه چې د دې د صوبې د بهترئ پکښې څه وشی، د دې د پاره نه چې د دې صوبې نه مینډیټ ملاؤ شو چې د دې صوبې مسئلو طرف ته توجه ورکړے شی، مونږ ته داسې محسوس شوه چې دا صوبه As a springboard استعمالیږی د پنجاب د سیاست له پاره، دا هغه ځائې کښې ځان له د یو Role جوړولو د پاره، دلته کښې د دې صوبې چې کومې مسئلې دی، که هغه دهشت ګردی ده، که هغه امن و امان دے، که مونږ دومره وروستو پاتې شوی یو، زمونږ پسماندګی ده، دلته کښې

گرانی ده ، بې روزگاري ده ، هغې طرف ته توجه نشته ، د دهشت گردئ د وجې نه زمونږ انفراسټرکچر تباه شوے دے ، د هغې د پاره څه پلان مخاخ رانغے ، دا ټول Issues build کيدل او بيا دې حد ته لاړل چې پخپله اوس دلته کښې د هغې خبرې ذکر هم وشو چې نن د نيټو سپلائی والا خبره راغله نو پخپله دوئ دا هم وائی چې يره دا Unconstitutional خبره ده او بيا وائی چې نه پارټی ئے زمونږ کوی او مونږ حکومت کښې ناست يو او مونږ ئے نه کوؤ ، څه عجيبه غوندې سلسله ، نو په هغې باندې قومی وطن پارټئ د اسمبلئ د اجلاسونو نه هم بائيکاټ وکړو ، زمونږ منسټرانو د دفترو نه هم بائيکاټ وکړو ، د سليکټ کميټو نه هم مونږ بائيکاټ وکړو او مونږ دا يو احساس ورکول غوښتل چې يره دا سلسله ټهيک نه ده روانه ، تاسو په ټهيک لارې نه يئ روان۔ په دغې دوران کښې زمونږ د وزيرانو خلاف ، په هغوی باندېAllegations ولگولی شو او لرې کړلی شو۔۔۔۔

<u>ایک رکن:</u> شیم۔

<u>جناب سکندر حیات خان:</u> په هغه وخت کښې زمونږ دا Stance وو چې په اتحاد کښې سرے هره خبره په صلاح مشورې سره کوی ، که تاسو ته په چا باندې اعتراض وو يا د چا خلاف ستاسو سره څه ثبوت وو ، تاسو به هغه مونږ ته رامخامخ کړے وو او هغه بيا زمونږ کار وو چې زمونږ پارټئ د چا خلاف کارروائی کوله خو بغير د څه دغه نه هغوی د کابينې نه فارغ کړلی شو او ننه پورې څه شے مخامخ هم رانغے۔ دا ټول صورتحال چې مونږ مخامخ کيښودلو نو پارټئ دا فيصله وکړه چې يره نور د پی ټی آئی سره د چليدو گنجائش نشته۔۔۔۔

<u>ایک رکن:</u>ویلکم۔

(تالیاں)

<u>جناب سکندر حیات خان:</u> زه نن د اپوزيشن د ملگرو ډير مشکور يم چې دوئ کومې طريقې سره مونږ ته ويلکم اووئيل ، زه د دې ټولو پارليمانی ليډرانو ته او د هغوی د پارليمانی پارټئ مشکور يم ، زه د دې فورم نه د صوبې خلقو ته وئيل غواړم چې زمونږ د پاره حکومتونه هيڅ مقصد نه لری ، (تالیاں) مونږ د پاره د

قوم خدمت، قومی مفادات چې دی هغه زیات عزیز دی او د اپوزیشن په دې کرسو باندې ناست مونږ زیات بهتر طریقې سره د دې صوبې خدمت هم کولے شو او د دې صوبې د خلقو مسئلې هم حل کولے شو۔ (تالیاں) دا کرسئ زمونږ د پاره څه نوې نه دی۔ یو وزیر موصوف صاحب یو میاشت دوه مخکښې د اسمبلئ په اجلاس کښې ما سره خبره کوله نو ما ته وائی چې یره د دغې کرسو نه زه ډیر گهبراویږم او خدائے د چرته راته دا کرسئ اونه بنائی، نو ما ورته اووئیل چې زه خو اوس هم په هغه کرسو باندې زیات خوشحاله ځان محسوسوم ځکه چې هلته کښې سړے صحیح طریقې سره (تالیاں) نمائندگی کولے شی او دا وئیل غواړم چې بهرپور کردار به ادا کوؤ، تښتیدو ته به مو نه پریږدو۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں اور قہقہے)

ایک رکن: (کسی رکن اسمبلی سے) ته خو نه ئې۔

جناب سکندر حیات خان: دا تاسو په خپلو کښې کښینئ او خپلو کښې فیصله وکړئ۔ (قہقہہ) چور کی داڑھی میں تنکا، (قہقہے) پخپله معلوم کړئ۔ بنیادی طور باندې قومی وطن پارټی د پښتون قام د پاره جوړه شوې ده او مونږ به د هغوی د پاره خپل کردار ادا کوؤ۔ د دې صوبې د مفاداتو خبره چې راځی په هغې کښې به ټولو کښې هغه کردار چې دے هغه مؤثر کردار به مونږ ادا کوؤ، د صوبې د مفاداتو د پاره هر قسمه قربانئ ته تیار یو۔ حکومت خو یو طرف ته، د اسمبلئ سیټونو ورکولو ته هم تیار یو، د خپل سر قربانئ ورکولو ته هم تیار یو (تالیاں) خو د صوبې مفادات چې دی، هغه نشو دغه کولې۔ دا کومې طریقې سره چې دا سلسله روانه ده، دا هغه لحاظ سره ټهیک نه ده۔ که مونږ وگورو نو نیټ هائیډل پرافټ ایشو چې ده، هغه ډیره وروستو پاتې شوه او اوس چې کوم Stance هم پرې اخستلے کیږی، زه دا ډیر معذرت سره وایم چې ډیر کمزورے Stance اخستلے کیږی لگیا دے په هغې باندې، (تالیاں) هغې کښې اصل مسئله دCapping خبره ده، د Arrears او دغه خبره چې ده، هغه د وروستو، د سیکنډری ایشو لری خو مونږ هغې له زیات زور ورکوؤ لگیا یو او اصل مسئله

چې ده د Capping ده او په هغې باندې خبره نه کوؤ۔ د تیر کال نټ هائیډل پرافټ هم نه دے ملاؤ شوے ، د دې کال هم لا یو روپۍ ورته نه ده ملاؤ شوې او دا ایشو اوسه پورې مونږ هغه شان کومې طریقې سره چې پکار وو چې دا مونږ وچته کړې وے ، مونږ وچته نکړه۔ دغه شان نور د صوبې د مفاداتو کومې خبرې هم چې دی، مونږ هغه شان خپل کیس چې دے هغه صحیح طریقې سره نه دغه کوؤ لګیا یو۔ زه دا وئیل غواړم چې ان شاء الله یو خپل مؤثر کردار به ادا کوؤ او تاسو به Right track ته د راوستلو کوشش کوؤ، کومې غلطئ چې دی هغه به تاسو ته په ګوته کوؤ او ښه تهیک ټهاک مخامخ به هغه په ګوته کوؤ (تالیاں) او د دې صوبې د مفاداتو د پاره خپل یو سیاسی کردار به پوره ادا کوؤ۔ زه اخره کښې یو ځل بیا د اپوزیشن د ملګرو ډیر زیات مشکور یم، ان شاء الله خپل یو مؤثر کردار به ادا کوؤ۔

جناب سپیکر: بریک، د مونځ او د چائې د پاره بریک دے نو د هغې نه پس به بیا انشاء الله ، بیس منټ۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔___ جناب شاه فرمان خان۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! آپ نے پہلے جو Admit کرنے کیلئے کہا تھا تو اس سلسلے میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں اس میں چونکہ اس کا ذاتی، اس پہ ڈیبیٹ نہیں ہو سکتی صرف یہ۔۔۔۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: سر! آپ نے تجویز مانگی ہے تو ہم تجویز دینا چاہتے ہیں۔

جناب سپیکر: وہ اس کے بعد دیں گے، وہ ابھی ہم چلا رہے ہیں۔ شاہ فرمان صاحب اس کا جواب دیں گے، وہ Admit ہوا ہے۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات): شکریہ جناب سپیکر۔ سکندر شیر پاؤ صاحب نے اپنے (قہقہہ) خیالات کا اظہار کیا، یہ جذبات ان کے متوقع تھے، اپوزیشن نے بھی بڑی پذیرائی کی، مجھے ایک شعر یاد آ گیا کہ:

؎ اپنے اپنے بے وفاؤں نے ہمیں یکجا کیا ورنہ تو میرا نہ تھا اور میں تیرا نہ تھا

(قہقہے اور تالیاں)

کچھ ایشوز جو انہوں نے اٹھائے ہیں، میں جوابات دیدوں۔ اس صوبے کے سب سے بڑا ایشو کالا باغ ڈیم کے حوالے سے بات ہوئی اور تحریک انصاف کا اس کے اوپر بہت پہلے سے ایک مؤقف ہے کہ کوئی بھی ایشو ہو Including کالا باغ، اس کے اوپر چاروں صوبائی اسمبلیز متفق ہوں تو، اور ساتھ میں یہ Add کر دوں کہ پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کالا باغ ڈیم پر متفق نہیں ہے، لہذا It's a dead issue لیکن اس کے ساتھ ایک بات کی گئی کہ پنجاب کی Politics، تو میں سکندر شیر پاؤ صاحب کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ بہت سارے لوگوں نے جو دعوے کئے تھے کہ اس صوبے کے حق کیلئے لڑیں گے، سب سے پہلی بات جناب عمران خان نے کی ہے کہ پیسکو بمعہ جنریشن خیبر پختونخوا کے حوالے کیا جائے (تالیاں) اور یہ بات جب انہوں نے کی تو اس کے اوپر سب سے زیادہ Concern پنجاب کا ہے۔ ہم نے، خیبر پختونخوا کی حکومت نے دو خطوط ایک پرائم منسٹر کو اور ایک فیڈرل منسٹر کو لکھے اور اس میں گیارہ پوائنٹس لکھے کہ ان Terms & conditions پہ ہم پیسکو لیں گے۔ دو تاریخ کو خیبر پختونخوا کی حکومت نے ایک کمیٹی بنائی جس کو میں خود Lead کر رہا ہوں، میرے ساتھ ٹیکنکل اور ٹیکنو کریٹس موجود ہیں، ایکسپرٹس موجود ہیں اور جیسے میں نے عابد شیر علی کو چیلنج کیا تھا مناظرے کیلئے، اسی طرح میں ان شاءاللہ چیلنج لیکر فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ Negotiate کروں گا اور یہ پیسکو بمعہ جنریشن جو اس صوبے کا حق ہے، وہ انشاءاللہ ہم لیں گے۔ (تالیاں) اس میں پنجاب اور پختونخوا کی Politics کی بات نہیں ہے، لہذا میں یہ کلیئر کر دوں لیکن چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کی ایک ویژن ہے اور اس ویژن کے مطابق یہ اس کا حق ہے کہ وہ اپنی گورنمنٹ کے اوپر چیک رکھیں اور Guidelines دیں، یہ Interference نہیں ہے، یہ Guidance ہے اور ایک لیڈر کے طور پر یہ ان کا حق ہے۔ دوسری بات لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے کی گئی کہ یہاں پر لا اینڈ آرڈر بہت خراب ہے، دہشتگردی کے معاملات بڑے خراب ہیں، وہ تو ہم بھی سمجھتے ہیں، اس پر تو سارے متفق ہیں لیکن اس بات پر بھی سارے متفق ہیں کہ یہ ان پالیسیز کا نتیجہ ہے جو پرویز مشرف کے دور میں شروع ہوئیں اور ان حالات کی ذمہ داری پرویز مشرف اور اس سے زیادہ ان کے Interior Minister پر لاگو

ہوتی ہے، عائد ہوتی ہے کہ یہ ان کی پالیسیز کا نتیجہ ہے کہ اس صوبے کا یہ حال ہے، ہم توFace کر رہے ہیں۔ میری سکندر صاحب کے ساتھ ادھر بڑی گپ شپ ہوتی تھی، اب بھی ذرا دور ہیں، گپ شپ، تو میں نے ان سے گپ میں کہا، میں نے کہا کیا خیال ہے سکندر صاحب! اگر آپ ادھر کی بجائے ادھر ہوتے، (قہقہے اور تالیاں) اچھا، مجھے کیا پتہ تھا کہ اس کے اوپر اتنی جلدی امین ہو گی، مجھے پتہ ہوتا تو میں نہ کہتا (قہقہے) بہر حال جو Important points ہیں، ہم جب یہاں ریزولیوشن بنا رہے تھے، مفتی جانان صاحب نے بات کی، یہ ایڈووکیٹ جنرل صاحب بھی بیٹھے ہوئے تھے اور ہم یہ پتہ چلانے کی کوشش کر رہے تھے کہ صوبائی حکومت کے پاس کتنا اختیار ہے کہ وہ Maximum اختیار استعمال کر سکے کہ ہمارے اوپر جو ڈرون ہوا ہے اور Settled area میں ہوا ہے، تو سردار مہتاب صاحب بھی موجود تھے اور سارے لیگل ایکسپرٹس بھی موجود تھے، تو جب قرارداد ہم فائنل کر رہے تھے تو اس میں نیچے ایک لفظ مہتاب صاحب Add کرنا چاہتے تھے کہ 20 تاریخ کو صوبائی اسمبلی اختیار دے گی تو میں نے کہا کہ جی اختیار صوبائی اسمبلی کے پاس ہے نہیں تو وہ کیا دے گی؟ تو میں اس پہ اصرار کر رہا تھا کہ نہیں پولیٹکل پارٹیز فیصلہ کریں گی اور میں نے اس وقت سکندر صاحب سے یہ بھی ریکویسٹ کی کہ سکندر صاحب! اگر ہمارے پاس As a Government اختیار نہیں ہے تو پارٹیز کے پاس تو ہے، پارٹیز کو کہیں گے کہ وہ اپنا فیصلہ کریں۔ مجھے سکندر صاحب نے کہا کہ نہیں یہ آپ کا اپنا کام ہے، ہم نیٹو سپلائی کبھی نہیں روکیں گے، اس وقت بھی مجھے Feel ہوا تھا، انہوں نے کہا کہ مشاورت کے بغیر فیصلے، ہم نے وجیہہ الدین صاحب کو کھڑا کیا As a presidential candidate، ہم نے ووٹ بھی مانگا ہے، ہم نے ووٹ بھی مانگا ہے، ہم نے ریکویسٹ بھی کی ہے لیکن ہمارے ساتھ وہ تعاون نہیں ہوا (قطع کلامی) اور، اور میں سمجھتا ہوں کہ کوئی اپنے ہاتھ سے اپنے حصے کوئی نہیں کرتا، کوئی بھی اس بات کے اوپر خوش نہیں ہے کہ وہ اپنے لوگوں کو یا اپنی حکومت کو کمزور کرے لیکن یہ جو پوائنٹس اٹھائے گئے ہیں، میں اس چیز کی Clarity چاہتا ہوں کہ آپ کو پتہ ہو، لاء اینڈ آرڈر سیچویشن کے اوپر اس سے زیادہ ہم کیا کر سکتے ہیں کہ ہمارا کوئی ایم پی اے، کوئی منسٹر، اس کے پاس یہ اختیار نہیں کہ وہ اپنا ایس ایچ او لگوائے، (تالیاں) اداروں کو مضبوط کرنا ہی علاج ہے لیکن اگر Previously ایسی پالیسیز چلائی گئی ہیں جن کی وجہ سے حالات اتنے خراب ہو گئے ہیں تو یہ تو چھ سات مہینے

کی حکومت ہے، جو حالات ہیں ہم اس کے ذمہ دار نہیں ہیں، اگر ہم اس کی Rectification کیلئے اس حد تک جاتے ہیں کہ اپنے منسٹر زاور ایم پی ایز سے بھی یہ اختیار چھین لیتے ہیں کہ آپ ایس ایچ او تک کی ٹرانسفر نہیں کرا سکتے ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ اداروں کی مضبوطی اور پولیس کو اتنا اختیار دینا اور ان کو اتنا Well equipped کرنا یہ ہماری سنجیدہ کوشش ہے اور ان شاءاللہ یہ جاری رہے گی۔ ایک بات میں ضرور کہنا چاہتا ہوں، یہ جو ہوا، مجھے خود اچھا نہیں لگا لیکن ایک فائدہ بھی اس کا ہے کہ خیبر پختونخوا کے اندر اب فرینڈلی اپوزیشن کا Concept نہیں ہے، ہم بھی چاہتے ہیں، ہمارا بھی کرپشن کے بارے میں Zero tolerance ہے اور اپوزیشن بھی مضبوط ہو تو یہ ہماری مدد کرے گی اور آج میں اس فلور کے اوپر یہ ضرور کہنا چاہتا ہوں کہ سارے اپنے ہیں، کوئی اپوزیشن کا ممبر ہو، کوئی گورنمنٹ کا ممبر ہو، کوئی تحریک انصاف کا ممبر ہو، کرپشن کیلئے Zero tolerance ہے۔ (تالیاں اور قطع کلامی) میں General اپنی حکومت کی پالیسی بیان کر رہا ہوں، کرپشن کیلئے Zero tolerance ہے-----

جناب بخت بیدار: تہ بہ سبا لہ واؤرې، سبا لہ بہ واؤرې۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: میں General اپنی حکومت کی پالیسی بیان کر رہا ہوں، کرپشن کیلئے Zero tolerance ہے-----

جناب بخت بیدار: سبا بہ واؤرې زما، ریکارډ دے راسرہ۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: میں نے سکندر صاحب کی تقریر بڑے غور سے سنی اور بڑا مجھے مزا آیا، میں صرف ان کو اپنی پالیسیز کے اوپر جو جو Objections آئے ہیں، اس کے اوپر بات کرنا چاہتا ہوں، اگر آپ کہتے ہیں کہ آپ کو گورنمنٹ کی سوچ کا پتہ نہ چلے تو میں بیٹھ جاتا ہوں۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: لیکن پھر آپ کیوں سٹیٹمنٹ دے رہے ہیں، پالیسی سٹیٹمنٹ؟

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: میں نے ایک Generality میں بات کی ہے-----

(قطع کلامیاں)

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: آپ نے ووٹ مانگا ہے بالکل-----

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: ووٹ ہم نے مانگا ہے۔ اچھا، میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں-----

(قطع کلامی)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: میں صرف یہ کہنا چاہتاہوں کہ۔۔۔۔۔

(قطع کلامی اور تالیاں)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: جناب سپیکر! میں چلوانیسہ زیب صاحبہ سے، انیسہ زیب صاحبہ کو میں بتاؤں گا کہ میں نے کب ووٹ مانگا ہے اور کیسے ووٹ مانگا ہے؟ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں، یہ سکندر شیر پاؤ صاحب کو بھی پتہ ہے کہ اس سے ہمیں ذاتی کوئی خوشی نہیں ہے کہ گورنمنٹ کا حصہ جاکر۔۔۔۔۔

جناب بخت بیدار: دا تا سو خنګه خبرې کوئ، شف شف مه کوئ؟

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: آپ کلیئر بات کریں۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: کلیئر بات ہے، اس میں کوئی، اس میں کوئی دو باتیں نہیں ہیں۔

(قطع کلامیاں)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: اب آپ دیکھیں، میں نے آپ کی بات بڑے غور سے سنی، میں نے آپ کی بات بڑے غور سے سنی اور آپ کو یہ جواب دے رہا ہوں۔ پالیسی میں نے بتائی آپ کو کہ اپوزیشن کا ممبر ہو، کولیشن کا ممبر ہو، پی ٹی آئی کا ممبر ہو، یہ ان سارے پوائنٹس میں Important point ہے کہ کرپشن کیلئے Zero tolerance ہے، اور میں یہ کہنا چاہتا ہوں اور آج اس ہاؤس میں، اس فورم پہ اس میڈیا کے سامنے یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کا گورنمنٹ کے اوپر احسان ہوگا، آپ گورنمنٹ کے کسی بندے کے اوپر ثبوت لائیں اور میں یہ Commit کرتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب بخت بیدار: آپ بھی میڈیا کے سامنے ہوں، میں بھی سامنے ہوں، ریکارڈ لائیں گے کہ آپ نے کتنی کرپشن کی ہے؟ میں بتاؤں گا۔

(تالیاں)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: میں آپ کو آفر کر رہا ہوں، میں آپ کو آفر کر رہا ہوں، میں آپ کو آفر کر رہا ہوں، بہر حال میں یہ۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و اطلاعات: مجھے اندازہ ہے، خیر ہے مجھے اندازہ ہے، مجھے اندازہ ہے دیکھو۔۔۔۔۔

جناب بخت بیدار: زیرو، زیرومت کہیں، میرے ساتھ آپ کا مکمل ریکارڈ ہے۔

(تالیاں)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: مجھے اندازہ ہے۔۔۔۔۔

اراکین: شیم، شیم، شیم۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: مجھے اندازہ ہے، مجھے اندازہ ہے، مجھے پریشانی کا بھی اندازہ ہے، مجھے اضطراب کا بھی اندازہ ہے۔

(قہقہے اور تالیاں)

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: آپ کو اندازہ ہوگا جب ہم آپ کو Zero tolerance بتائیں گے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: دیکھیں میں نے تو پہلے یہ کہا کہ یار مجھے اچھا نہیں لگا، میں بھی اس غم میں شریک ہوں۔ دیکھو میں یہ کہہ رہا ہوں کہ مجھے سارا اندازہ ہے اور دیکھو میں خود بھی، شاید مجھے درد ہے، شاید میں اس غم میں شریک ہوں آپ کے ساتھ لیکن اصول ہوتے ہیں۔۔۔۔۔

(قہقہے اور تالیاں)

جناب بخت بیدار: میں بتاؤں گا کہ آپ کتنے کیا ہیں؟ میں بتاؤں گا، کل ان شاءاللہ میں اسمبلی میں لاؤں گا۔

(قطع کلامیاں اور قہقہے)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: میں جو کہنا چاہتا ہوں، دیکھیئے مجھے اسلئے یہ احساس ہے، میں آپ کے ساتھ ہوں۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و اطلاعات: خیر ہے میں ان کو بھی سننا چاہتا ہوں۔ بات یہ ہے کہ میں General، دیکھو میں نے پختونخوا کی Politics کے اوپر، کالا باغ ڈیم کے اوپر، پیسکو کے اوپر، یہ ساری پالیسی سٹیٹمنٹ میں دینے لگا ہوں، آپ کوئی اس کو اپنی طرف نہ لے جائیں، خدا کیلئے میں جو بات کر رہا ہوں،

میں پالیسی سٹیٹمنٹ دے رہا ہوں، آپ کیوں پالیسی سٹیٹمنٹ کو اپنی طرف لے جاتے ہیں؟ میرے اوپر گورنمنٹ کی ذمہ داری ہے لیکن دیکھو میں پھر سے کہتا ہوں، مجھے اس سے خوشی نہیں ہے، مجھے اس سے خوشی نہیں ہے، مجھے بڑا درد ہے لیکن ایک اصول کے تحت اپوزیشن اور گورنمنٹ ہوا کرتی ہیں، ____ تو میں اس کو ایک Positive note کے اوپر ختم کرنا چاہتا ہوں، میں اس کو Positive note پر یہ ختم کرنا چاہتا ہوں کہ جو جو سکندر صاحب نے، جو جو۔۔۔۔۔

(شور اور قہقہے)

Mr. Speaker: The sitting is adjourned till 03:00 p.m. of tomorrow evening.

---

(اجلاس بروز منگل مورخہ 07 جنوری 2014ء بعد از دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)

ضمیمہ

## حلف وفاداری رکنیت

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

شروع کرتاہوں اللہ کے نام سے جو بڑامہربان نہایت رحم کرنے والاہے۔

میں،۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔صدق دل سے حلف اٹھاتا کہ میں خلوص نیت سے پاکستان کاحامی اور وفادار رہونگا:

کہ بحیثیت رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا، میں اپنے فرائض و کارہائے منصبی ایمانداری، اپنی انتہائی صلاحیت اور وفاداری کے ساتھ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، قانون اور اسمبلی کی قواعد کے مطابق،اور ہمیشہ پاکستان کی خود مختاری،سالمیت،استحکام،یک جہتی اور خوشحالی کی خاطر انجام دونگا:

کہ میں اسلامی نظریہ کو برقرار رکھنے کیلئے کوشاں رہونگاجو قیام پاکستان کی بنیاد ہے:

اور یہ کہ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کو برقرار رکھونگااور اس کاتحفظ اور دفاع کرونگا:

[اللہ تعالیٰ میری مدداور رہنمائی فرمائے(آمین)]